## دفتر، چیف پبلک ریلیشنز آفیسر

## جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

### آرسی اے، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے بتیس طلبہ یو پی ایس سی سول سروسز امتحان دو ہزار چوبیس میں منتخب

**New Delhi, April 22, 2025**

جامعہ ملیہ اسلامیہ کی رہائشی کوچنگ میں تربیت یافتہ بتیس طلبہ یو پی ایس ایس کے سول سروسز امتحان دو ہزار چوبیس میں منتخب ہوئے ہیں۔آرسی اے کے کل اٹھہتر طلبہ نے انٹرویو دیا تھا جس میں سے بتیس طلبہ منتخب ہوئے ہیں۔بتیس منتخب طلبہ میں سے بارہ طلبہ خاتون امیدوار ہیں۔

بتیس میں سے بعض طلبہ کوامید ہے کہ آئی اے ایس اور آئی پی ایس سروسز ملے اور باقی کو رینکنگ کے مطابق آئی آر ایس، آڈٹ، اکاؤنٹ سروس، آئی آرٹی ایس اور گروپ اے متعلقہ خدمات میں تقرری مل سکتی ہے۔

جناب الفریڈ تھامس جنھوں نے کل ہند تینتسویں رینک حاصل ہے وہ اس سال جامعہ کی رہائشی کوچنگ کی جانب سے سب سے بہتر مظاہرہ کرنے والے امیدوار ہیں۔ان کے بعد محترمہ ارم چودھری نے چالیسویں رینک اور محترمہ رچیکا جھا نے اکیانویں رینک حاصل کی ہے۔جامعہ کی رہائشی کوچنگ کے طلبہ کے بہترین اور عمدہ مظاہرے سے خوش پروفیسر مظہر آصف شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے کامیاب طلبہ کومبارک باددی ہے۔

پروفیسر مظہر آصف شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے کہا کہ ’یہ امر انتہائی باعث فخر وانبساط ہے کہ کہ آرسی اے نے بڑی کامیابی حاصل کی ہے۔طلبہ کی یہ کامیابی جغرافیائی، معاشی اور سماجی طور پر پسماندہ طبقات کے طلبہ کو بااختیار کرنے کے تئیں ہمارے اس عہد کواور مضبوط کرتی ہے۔ہماری خواتین امیدواروں نے بھی غیر معمولی طور پر بہتر مظاہرہ کیا ہے اور صرف آرسی اے میں داخلہ لینے والے مستقبل کے امیدواروں کے لیے رول ماڈل نہیں نہیں بلکہ جامعہ ملیہ اسلامیہ میں مختلف کورسیز کر رہی طالبات کے لیے بھی رول ماڈل ہیں‘۔

پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ نے کہا’یو پی ایس سی دو ہزار چوبیس کے نتائج جامعہ کی رہائشی کوچنگ میں فراہم کی جانے والی سخت کوچنگ کے متعلق بہت کچھ بتاتے ہیں۔یہ نتائج ہمارے طلبہ کی غیر متزلزل وقف ہونے کا ثبوت ہیں اور ہمارے ادارے سے ملنے والی غیر معمولی رہنمائی کا بھی ثبوت ہیں۔آرسی اے جامعہ ملیہ اسلامیہ نے فضیلت کا ایک ماحول

دوست نظام تیار کیا ہے جو ملک کے لیے بہترین سول سرونٹ فراہم کر رہا ہے۔''

پروفیسر انچارج، آر سی اے پروفیسر ثمینہ بانو کی خود ساختہ میٹورشپ اس شان دار نتائج کے پیچھے اہم محرک رہی ہے کیوں کہ انھوں نے ہر امیدوار کے ساتھ قریبی طور پر ساتھ رہ کر کام کیا تھا۔ انتظامیہ نے منتخب طلبہ کی غیر معمولی محنت و استقلال اور اپنے مقصد کے تئیں وقف ہونے کو سراہا ہے جس نے بجا طور پر حتمی منتخب فہرست میں ان کا مقام متعین کیا ہے۔ شیخ الجامعہ اور مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ان طلبہ کی جو ذرا کی کمی کی وجہ سے منتخب ہونے سے رہ گئے انتھک کوششوں کا اعتراف کیا اور آئندہ ہونے والے امتحانات میں بہتر نتائج کے حصول کے لیے انھیں بھر پور تعاون دینے کی بات کہی۔

یو جی سی اور سینٹر فار کوچنگ اینڈ کیریئر پلاننگ (سی سی اینڈ سی پی) کے زیر اہتمام آر سی سے دو ہزار دس میں جامعہ میں آر سی کا قیام ہوا تھا۔ اس کا مقصد ایس سی، ایس ٹی، خواتین اور اقلیتوں کے طلبہ کے لیے سول سروسز اور دیگر مقابلہ جاتی امتحانات کی تیاری کی مفت کوچنگ اور رہائشی سہولیات فراہم کرنا تھا۔ جامع کوچنگ کے لیے طلبہ کا انتخاب کل ہند تحریری ٹسٹ اور اس کے بعد انٹرویو کی بنیاد پر ہوتا ہے۔

یو پی ایس سی دو ہزار اکیس کی ٹاپر محترمہ شروتی شرما آر سی اے، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی اسٹار پروفارمر رہی ہیں۔

سال دو ہزار دس اور گیارہ سے دو ہزار چوبیس تک آر سی اے نے تقریباً تین سو سول سرونٹ دیے ہیں جن میں آئی اے ایس، آئی ایف ایس اور آئی پی ایس شامل ہیں۔ ان کے علاوہ تین سو سے زیادہ طلبہ مختلف مرکزی اور ریاستی سروسز یعنی سی اے پی ایف، آئی بی، آر بی آئی (گریڈ ب)، اے پی ایف، بینک پی او اور پی سی ایس وغیرہ میں منتخب ہوئے ہیں۔

آر سی اے منظّم ساخت والی کثیر جہتی کوچنگ اور شخصیت کے فروغ کے پروگرام کرتی ہے۔ اس میں امتحان کے مختلف مراحل یعنی ابتدائی، مینس اور انٹرویو میں پانچ سو سے زیادہ گھنٹوں کی کلاسیز والی رہنمائی شامل ہے۔ آخری مرحلے کے لیے اکیڈمی طلبہ کی بھلائی کے لیے موک انٹرویو کراتی ہے، سبکدوش سول سرونٹس اور مضمون کے ماہرین کے خصوصی لیکچر کراتی ہے اور منتخب آر سی اے، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے المنائی سے میٹورنگ سیشن بھی کراتی ہے۔

اسی طرح آر سی اے میں طلبہ دوسری سروسز جیسے انڈین فاریسٹ سروسز (آئی ایف او ایس) سی اے پی ایف، ای پی ایف

او، دیگر مرکزی اور ریاستی سروسز کے لیے بھی رہنمائی اور نگرانی فراہم کرتی ہے۔اس کے علاوہ اکیڈمی چوبیس گھنٹے ایئر کنڈیشن لائبریری سہولت،مفت وائی فائی اور محفوظ اور آرام دہ دارالاقامہ کی سہولت بھی فراہم کرتی ہے۔

**پروفیسر صائمہ سعید**

**چیف،تعلقات عامہ افسر، جامعہ ملیہ اسلامیہ**

**RESIDENTIAL COACHING ACADEMY**
**CENTRE FOR COACHING AND CAREER PLANNING**
**JAMIA MILLIA ISLAMIA, NEW DELHI**

**List of Selected Candidates in UPSC CSE, 2024**

| S.No. | Roll No. | Name | Rank |
|---|---|---|---|
| 1 | 0816777 | ALFRED THOMAS | 33 |
| 2 | 3405835 | IRAM CHOUDHARY | 40 |
| 3 | 0850412 | RUCHIKA JHA | 51 |
| 4 | 5409416 | DEVANSHI SAXENA | 124 |
| 5 | 3405311 | MOHAMMAD MUNEEB BHAT | 131 |
| 6 | 0505153 | ADIBA ANAM ASHFAQUE AHEMAD | 142 |
| 7 | 6302095 | ANUPRIYA RAI | 189 |
| 8 | 6415953 | NAMRATA AGGARWAL | 214 |
| 9 | 3515406 | JASKARAN SINGH | 240 |
| 10 | 6412271 | UMESH KUMAR MEENA | 311 |
| 11 | 6404107 | SHAKEEL AHMED | 506 |
| 12 | 1142435 | DHARAM SINGH MEENA | 549 |
| 13 | 0845191 | MOHAMMAD AFTAB ALAM | 560 |
| 14 | 0808216 | DIMPY RAJORA | 570 |
| 15 | 2611489 | MOHSINA BANO | 585 |
| 16 | 6407943 | ABUSALIYAKHAN KULAKARNI | 588 |
| 17 | 0506431 | SAYYED MOHD ARIF MOIN | 594 |
| 18 | 3400755 | GHULAM HAIDER | 633 |
| 19 | 5800046 | HASSAN KHAN | 643 |
| 20 | 5811718 | SHACHI JAISWAL | 654 |
| 21 | 0105013 | GHANCHI GAZALA MOHMADHANIF | 660 |
| 22 | 1031208 | MUHAMMED SALAH T A | 711 |
| 23 | 6409290 | SADAF MALIK | 742 |
| 24 | 7811398 | PRATEEK SISODIYA | 753 |
| 25 | 7804151 | JAVED MEV | 815 |
| 26 | 6419558 | PEERZADA M UMAR | 818 |
| 27 | 1801247 | NAZIR AHMAD BIJRAN | 847 |
| 28 | 1135964 | NEERAJ MEENA | 853 |
| 29 | 7806712 | ARUN MALVIYA | 893 |
| 30 | 0868936 | NIDHI | 978 |
| 31 | 6421410 | IQABAL AHMAD | 998 |
| 32 | 0869889 | JERRY LALHRATTHANG BUONGPUI | 999 |